# Prime Minister Shri Narendra Modi speaks on phone with His Excellency Yoon Suk-yeol, President-elect of the Republic of Korea

March 17, 2022

# وزیر اعظم نے جمہوریہ کوریا کے نومنتخب صدر عالی جناب یون سُک-یول سے فون پر بات چیت کی

نئی دہلی، 17/مارچ 2022 - وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے جمہوریہ کوریا کے نومنتخب صدر عالی جناب یون سُک- یول سے آج فون پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم نے جمہوریہ کوریا کے حالیہ صدارتی انتخاب میں کامیابی پر عالی جناب یون کو مبارک باد دی۔

دونوں لیڈروں نے خاص طور پر موجودہ عالمی تناظر میں بھارت اور کوریا کے مابین خصوصی اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید وسیع اور گہرا بنانے کی اہمیت پر اتفاق کیا۔ انھوں نے متعدد ایسے شعبوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا جن میں دو فریقی تعاون کو بڑھانے کے امکانات ہیں اور اس سلسلے میں مل جل کر کام کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔

دونوں لیڈروں نے آئندہ سال بھارت اور جمہوریہ کوریا کے مابین سفارتی تعلقات کے قیام کی 50ویں سال گرہ کو مشترکہ طور پر منانے کی اپنی خواہش پر بھی زور دیا۔

وزیر اعظم نے جتنا جلد ممکن ہوسکے عالی جناب یون کو بھارت کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔

نئی دہلی

17 مارچ 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.